Bahria University Library Islamabad
Source: Dunya Friday October 23, 2026

بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد میں YES سمٹ، ایکسپو اور سٹارٹ اپ مقابلوں کا افتتاح

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد میں YES سمٹ، ایکسپو اور سٹارٹ اپ مقابلوں کا افتتاح رکن قومی اسمبلی اور وزیر اعظم یوتھ پروگرام کی فوکل پرسن سیدہ آمنہ بتول نے کیا۔ تقریب میں بحریہ یونیورسٹی کے ریکٹر وائس ایڈمرل عابد حمید، ڈاکٹر جاوید لغاری، چیئرمین ایچ ای سی ٹاسک فورس برائے بزنس انکیوبیشن سینٹرز، اور ڈاکٹر حبیب بخاری سمیت اعلیٰ تعلیمی و صنعتی شعبوں کی شخصیات نے شرکت کی اور خطاب کیا۔

Library Website: www. http://111.68.99.22:8080/xmlui/handle/123456789/7
Email: chief.librarian@bahria.edu.pk

Bahria University Library Islamabad
Source: Nai Baat Friday October 23, 2026

یوتھ انٹر پرینیورشپ سمٹ، نمائش، ایوارڈز اختتام پذیر

مقررین نے نوجوانوں کو کاروبار شروع کرنے، جدت طرازانہ سوچ اپنانے کی ضرورت پر زور دیا

اسلام آباد (نئی بات نیوز) بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد میں تین روزہ یس پاکستان، ینگ سی ای اوز، کاروباری افراد اور جدت طرازوں کی کانفرنس، نمائش اور ایوارڈز 2026 اختتام پذیر ہو گئے جس میں نوجوانوں میں کاروباری صلاحیتوں کے فروغ، جدت طرازی اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے تعلیمی اداروں، صنعت اور مالیاتی شعبے کے درمیان تعاون کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ مقررین نے نوجوانوں کو کاروبار شروع کرنے، جدت طرازانہ سوچ اپنانے اور اپنے کاروباری منصوبوں کو عملی شکل دینے کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں، صنعت، حکومت اور نوجوان کاروباری افراد کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے والی ایسی تقریبات کا باقاعدگی سے انعقاد ہونا چاہیے تاکہ کاروباری صلاحیتوں کو فروغ اور ملکی معیشت کو تقویت مل سکے۔ کانفرنس کے اختتامی روز ہائر ایجوکیشن کمیشن کے سابق چیئرمین اور کاروباری انکیوبیشن مراکز سے متعلق کمیشن کی ٹاسک فورس کے کنوینر پروفیسر ڈاکٹر جاوید لغاری نے کلیدی خطاب کیا۔ ان کے خطاب کا موضوع ایک کامیاب بانی کی طرح سوچنے، قیادت کرنے اور کامیابی حاصل کرنے کی صلاحیتیں تھا۔ انہوں نے کاروباری مواقع کی نشاندہی، تزویراتی منصوبہ بندی، موثر قیادت اور جدید حل تیار کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ یس پاکستان کے بانی مرتضیٰ نور نے تین روزہ سرگرمیوں کا جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام کا مقصد نوجوانوں میں کاروباری رجحان کو فروغ دینا، جامعات اور صنعت کے درمیان روابط مضبوط کرنا، نئے کاروباری منصوبوں کو سرمایہ کاروں اور کاروباری رہنماؤں سے جوڑنا اور کاروباری انکیوبیشن کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

Library Website: www. http://111.68.99.22:8080/xmlui/handle/123456789/7
Email: chief.librarian@bahria.edu.pk